Media Release

برائے فوری اجراء

سٹی آف برامپٹن کو شاندار بجٹ پیش کرنے پر ایوارڈ سے نوازا گیا ہے

برامپٹن، آن (29 اگست 2022) – سٹی آف برامپٹن کو مسلسل ساتویں سال بھی امریکہ اور کینڈا کی گورنمنٹ فنانس آفیسرز ایسوسی ایشن (GFOA) کی جانب سے ڈِسٹِنگوئشڈ بجٹ پریزینٹیشن ایوارڈ سے نوازا گیا ہے۔

یہ ایوارڈ سٹی آف برامپٹن کی شاندار کامیابیوں کا برملا اظہار کرتا ہے، جس سے بجٹ سازی میں حکومت کی جانب سے اعلیٰ ترین اصولوں پر عمل کرنے کے بھرپور عزم کی عکاسی ہوتی ہے ڈِسٹِنگوئشڈ بجٹ پریزینٹیشن ایوارڈ کے حصول کی کوشش کے دوران، سٹی کو مؤثر طور پر بجٹ پیش کرنے کی قومی سطح پر رائج رہنماء ہدایات پر پورا اترنا پڑا، بشمول:

- ایک پالیسی دستاویز؛
- ایک مالیاتی منصوبہ؛
- ایک آپریشن گائیڈ؛ اور
- ایک کمیونیکیشنز ڈیوائس۔

اس ایوارڈ کے حصول کے لیے بجٹ دستاویزات کو تمام چار زمرہ جات اور 14 لازمی معیاراتِ اصول میں شاندار کارکردگی کا حامل ہونا لازمی ہے۔ 2022 کے بجٹ میں صحت کی دیکھ بھال میں توسیع، پروگراموں اور خدمات کو برقرار رکھنے، انفراسٹرکچر کے فروغ میں ریکارڈ سرمایہ کاری اور کاروباری ترقی میں معاونت کے لیے ایک فیصد لیوی شامل ہے۔

GFOA کے بجٹ ایوارڈز پروگرام میں 1,700 سے زیادہ شرکاء شامل ہوتے ہیں۔ 21,000 سے زیادہ ممبروں کے لیے GFOA بہترین طریقہ ہائے کار، پیشہ ورانہ ترقی، وسائل اور عملی تحقیق کی فراہمی کے ذریعے سرکاری مالیات کو فروغ دینے میں شاندار کردار ادا کرتا ہے۔

اقتباسات

"گورنمنٹ فنانس آفیسرز ایسوسی ایشن کی جانب سے ہمارے 2022 بجٹ پر ڈِسٹِنگوئشڈ بجٹ پریزینٹیشن ایوارڈ جیتنا ہماری ایک شاندار کامیابی ہے، جو حکومتی سطح پر بجٹ سازی کی ہماری بہترین کاوشوں کی عکاسی کرتا ہے۔ سٹی کو مسلسل سات سالوں سے یہ ایوارڈ مل رہا ہے، جو برامپٹن کے رہائشیوں اور کاروباروں کے لیے مالی شفافیت اور گڈ گورننس کے لیے وقف شدہ ہمارے عزم کو تسلیم کرتا ہے۔"

- پیٹرک براؤن، میئر، سٹی آف برامپٹن؛ چیئر آف بجٹ کمیٹی

"بجٹ کا عمل کونسل، ہمارے عملے، رہائشیوں اور ہماری کاروباری کمیونٹی کے درمیان باہمی تعاون کی ایک مثال ہے تاکہ برامپٹن کے ایک روشن مستقبل کی تشکیل میں ہمیں مدد ملے۔ ہمیں مسلسل ساتویں سال اس ممتاز ایوارڈ کے ذریعے پہچانے جانے پر فخر ہے۔"

- پال ویسینٹے، ریجنل کونسلر وارڈز 1 اور 5 اور وائس چیئر، بجٹ کمیٹی، سٹی آف برامپٹن

"ایک اچھے طرز حکومت کے حامل شہر کے طور پر برامپٹن سٹی کونسل اور ہمارا عملہ اپنی کمیونٹی کے لیے ہر وقت کچھ نہ کچھ بہترین کرنے کی کوشش میں مصروف رہتا ہے۔ ہمیں حکومتی بجٹ پر یہ باوقار ایوارڈ ملنے پر فخر ہے اور اس سال ہم برامپٹن کے کاروباروں اور رہائشیوں کے لیے ایک اور اعلیٰ معیار کی حامل، کھلی اور قابل رسائی بجٹ پروپوزل تیار کرنے کے متمنی ہیں۔"

- پال موریسن، انٹیرم چیف ایڈمنسٹریٹو آفیسر، سٹی آف برامپٹن

-30-

کینیڈا میں تیز ترین رفتار سے بڑھنے والے شہروں میں سے ایک کے طور پر برامپٹن 700,000 لوگوں اور 75,000 کاروباروں کا گھر ہے۔ ہمارے ہر عمل کا مرکز عوام ہوتے ہیں۔ ہمیں اپنی متنوع کمیونٹی سے توانائی ملتی ہے، ہم سرمایہ کاری کے لیے کشش پیدا کرتے ہیں اور ہم ٹیکنالوجی اور ماحولیاتی جدت میں رہنما کردار ادا کرنے کے سفر پر نکل رہے ہیں۔ ہم اس لیے شراکت داری کرتے ہیں تاکہ ہم ایک ایسا صحت مندانہ شہر بنا سکیں جو محفوظ، قابل دوام اور کامیاب ہو۔ ہمارے ساتھ ٹوئٹر، فیس بک اور انسٹاگرام پر مربوط ہوں۔ مزید جاننے کے لیے www.brampton.ca ملاحظہ کریں۔

میڈیا کنٹیکٹ
سٹی آف برامپٹن ملٹی کلچرل میڈیا
multiculturalmedia@brampton.ca